**Shabbir / Tausif**

**14-05-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ نیتیکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ برکس وزرائے خارجہ کی دو روزہ میٹنگ آج سے نئی دلّی میں شروع ہوگی۔

☆ آسام حکومت، اِس مہینے کی 26 تاریخ کو ریاستی اسمبلی میں یکساں سِول کوڈ متعارف کرائے گی۔

☆ بھارت نے گھریلو قیمتوں میں کمی لانے کے مقصد سے ستمبر تک شکر کی برآمد پر پابندی لگادی ہے۔

☆ مغربی بنگال حکومت نے آلو، پیاز، پھل، سبزیوں، غذائی اجناس اور دیگر ضروری اشیاء کی بین ریاستی حمل و نقل پر عائد سبھی پابندیاں ہٹالی ہیں۔

☆ شدید بارش اور دھول بھری آندھی سے اترپردیش میں اب تک 60 لوگوں کی موت ہوگئی ہے۔

☆ CBI کے ڈائریکٹر کے طور پر پروین سُود کی مدت میں ایک سال کی توسیع دی گئی ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں، رائے پور میں کھیلے گئے میچ میں رائل چیلنجرز بینگلورو نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو 6 وکٹ سے ہرا دیا۔ وِراٹ کوہلی نے نوِیں IPL سینچری لگائی، جوکہ ایک ریکارڈ ہے۔

---

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**Briics Foreign Ministers Meeting**

برکس وزرائے خارجہ کی میٹنگ سے قبل عالمی رہنما قومی راجدھانی پہنچ گئے ہیں۔ یہاں کل جو رہنما پہنچے اُن میں ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی، تھائی لینڈ کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ Sihasak Phuangketkeow، کیوبا کے وزیر خارجہ Bruno Rodríguez Parrilla اور ویتنام کی نائب وزیر خارجہ Nguyen Minh Hang شامل ہیں۔

دیگر رہنماؤں میں ملیشیا کے وزیر خارجہ Dato Seri Utama محمد بن حاجی حسن اور متحدہ عرب امارات کے امورِ خارجہ کے وزیرِ مملکت خلیفہ شاہین المرار بھی شامل ہیں۔x

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

**V/C Aman Yadav**

*اجلاس کے دوران برکس رکن ملکوں کے وزرائے خارجہ باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ دوسرے دن برکس کے رکن اور شراکت دار ممالک ایک اجلاس میں شرکت کریں گے، جس کا موضوع ''BRICS@20: استحکام، اختراع، تعاون اور پائیداری'' ہوگا۔ اس کے بعد عالمی حکمرانی اور کثیرجہتی نظام میں اصلاحات کے موضوع پر ایک اور اجلاس منعقد ہوگا۔ برکس وزرائے خارجہ کی پچھلی میٹنگ 26 ستمبر 2025 کو اقوام متحدہ جنرل آسمبلی کے 80ویں اجلاس کے موقع پر ہوئی تھی۔ اس میٹنگ کی صدارت بھارت نے 2026 کے لیے آئندہ برکس چیئرمین کی حیثیت سے کی تھی۔*

*نئی دلی سے امن یادو کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......*

**Assam UCC BIll**

آسام حکومت اس مہینے کی 26 تاریخ کو ریاستی آسمبلی میں یکساں سول کوڈ UCC بل پیش کرے گی۔ وزیراعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے اپنی دوسری مدتِ کار کی پہلی کابینہ میٹنگ کی صدارت کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اِس کا اعلان کیا۔

جناب سرما نے کہا کہ آسام آسمبلی کا ایک خصوصی اجلاس 21 سے 26 مئی تک منعقد ہوگا، جس کے دوران نو منتخب ارکانِ آسمبلی حلف لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مجوزہ قانون سازی کا مقصد شادی کی قانونی عمر، ایک سے زیادہ شادی، وراثت اور بغیر شادی کے ساتھ رہنے جیسے مسائل کو حل کرنا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مذہبی رسومات اور مذہبی معاملات اس بل کے دائرۂ کار سے باہر رہیں گے۔

**S/B Hemat Biswa UCC**

اس اقدام کے ساتھ، آسام، اتراکھنڈ اور گجرات کے بعد یکساں سول کوڈ بل پیش کرنے والی تیسری ریاست بننے جارہی ہے۔x

**Centre - Sugar**

حکومت نے چینی کی برآمدات پر فوری طور پر ستمبر 2026 تک یا مزید احکامات جاری ہونے تک پابندی عائد کردی ہے، جس میں خام چینی، سفید چینی اور ریفائنڈ چینی شامل ہے۔

ایک سرکاری نوٹیفکیشن کے مطابق، غیر ملکی تجارت کے ڈائریکٹوریٹ جنرل نے برآمداتی پالیسی کو ''محدود'' کے زمرے سے ''ممنوع'' کے زمرے میں تبدیل کردیا ہے۔ تاہم، یہ پابندی CXL اور TRQ Quota اور ایڈوانس Authorisation اسکیم کے تحت، یوروپی یونین اور امریکہ کو برآمد ہونے والی چینی پر نافذ نہیں ہوگی، تاکہ دیگر ممالک کی خوراک کی یقینی فراہمی سے متعلق ضرورتوں کو پورا کیا جاسکے۔ وہ کھیپ، جو برآمد کیلئے Pyhsical پائپ لائن میں ہیں، انہیں اِس پابندی سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے۔x

**WB - Restrictions**

مغربی بنگال حکومت نے آلو، پیاز، پھل، سبزیوں، غذائی اجناس اور دیگر ضروری اشیاء کی بین ریاستی نقل و حرکت پر عائد سبھی پابندیاں ہٹالی ہیں۔ یہ پابندیاں سابقہ TMC حکومت کی جانب سے عائد کی گئی تھیں۔

دوسری جانب، ایک اہم پیشرفت کے طور پر مغربی بنگال حکومت نے اساتذہ کے تقررات، میونسپل تقررات اور امداد باہمی خدمات تقررات گھپلوں سے متعلق معاملوں کو CBI کے سپرد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مغربی بنگال حکومت نے اُن سبھی افراد کی خدمات کو ختم کردیا ہے، جن کا سبکدوشی کے بعد TMC حکومت کی جانب سے دوبارہ تقرر کیا گیا تھا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ..................

**VC - Sandipon**

*کسانوں اور تاجروں کو بڑی راحت دیتے ہوئے، مغربی بنگال حکومت نے زرعی اشیاء کی دیگر ریاستوں میں برآمدات پر عائد پابندیوں کو ہٹالیا ہے۔ زرعی مارکیٹنگ کے محکمے کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق، آلو، پیاز، سبزیاں، پھل، غذائی اجناس اور تلہن کی اب ریاستی سرحدوں کے پار بلارکاوٹ حمل ونقل کی جاسکتی ہے۔ ضلع انتظامیہ، پولیس اور ٹرانسپورٹ حکام کو اِس حکمنامے کے نفاذ کو یقینی بنانے کی ہدایت دی گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ سوبیندو ادھیکاری نے کل Nabanna میں بتایا کہ اِس فیصلے سے چھوٹے اور حاشیہ بردار کسانوں اور تاجروں کو فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ کسانوں کو اب اُن کی پیداوار کا واجب دام ملے گا۔ وزیر اعلیٰ نے یہ بھی انتباہ دیا کہ زرعی اشیاء سے لدی گاڑیوں کو اگر بین ریاستی سرحدوں پر غیر ضروری طور پر روکا گیا یا ہراساں کیا گیا، تو افسران کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔*

*اِس فیصلے سے زرعی برآمدات میں آسانی پیدا ہونے اور مغربی بنگال کے کسانوں اور تاجروں کو پیش آرہی مشکلات میں کمی آنے کا امکان ہے۔*

*کولکاتہ سے سندیپون کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں* ..................

**CBI Director Extension**

حکومت نے مرکزی جانچ بیورو، CBI کے ڈائریکٹر پروین سُود کی مدت میں ایک سال کی توسیع کی ہے۔ عملے اور تربیت کے محکمے کی جانب سے جاری کیے گئے سرکاری حکمنامے کے مطابق، کابینہ کی تقررات سے متعلق کمیٹی نے جناب سُود کی مدت کار کو جانچ ایجنسی کے ڈائریکٹر کے طور پر اِس مہینے کی 24 تاریخ سے آگے توسیع دینے کو منظوری دی ہے۔×

**PM UAE Visit**

وزیراعظم نریندر مودی کل ابوظہبی کا دورہ کریں گے، جو اُن کے پانچ ملکوں کے دورے کا پہلا مرحلہ ہوگا۔ اس دورے کے دوران وہ متحدہ عرب امارات، نیدرلینڈس، سویڈن، ناروے اور اٹلی جائیں گے۔ وزیراعظم کا یہ دورہ جمعہ سے اس

مہینے کی 20 تاریخ تک جاری رہے گا۔ وزارتِ خارجہ میں مغربی امور کے سکریٹری Sibi George نے بتایا کہ پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں جناب مودی، UAE کے صدر محمد بن زائد النہیان سے ملاقات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں رہنما دوطرفہ امور، خاص طور پر توانائی کے شعبے میں تعاون اور باہمی دلچسپی کے علاقائی و بین الاقوامی معاملات پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ یہ جناب مودی اور UAE کے صدر شیخ محمد بن زائد النہیان کی صرف پانچ مہینے میں دوسری بالمشافہ ملاقات ہوگی۔

توقع ہے کہ دونوں ممالک کل جامع اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید آگے بڑھائیں گے، جبکہ متحدہ عرب امارات میں مقیم چالیس لاکھ سے زیادہ بھارتیوں کی فلاح و بہبود بھی بات چیت کے ایجنڈے میں شامل ہوگی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے :

**V/C Vinod Kumar**

*بھارت اور متحدہ عرب امارات خطے کی اہم ترین توانائی شراکت داری رکھتے ہیں۔ متحدہ عرب امارات، اس وقت بھارت کو خام تیل فراہم کرنے والا چوتھا بڑا ملک ہے، جو ملک کی کل ضرورت کا تقریباً گیارہ فیصد پورا کرتا ہے۔ رقیق قدرتی گیس کے معاملے میں بھارتی کمپنیوں نے ابوظہبی کی ADNOC گیس کے ساتھ طویل مدتی سپلائی معاہدے کیے ہیں، جن کی مجموعی مقدار ساڑھے چار ملین ٹن ہے۔*

*متحدہ عرب امارات، گزشتہ 25 برسوں کے دوران بھارت کا تیسرا سب سے بڑا تجارتی ساجھیدار اور غیر ملکی سرمایہ کاری کا ساتواں بڑا ذریعہ رہا ہے۔ ایسے میں جبکہ مغربی ایشیا موجودہ وقت میں اپنے سب سے ہنگامہ خیز دور سے گزر رہا ہے، ابوظہبی میں دونوں رہنماؤں کے درمیان جمعہ کی ملاقات کو دونوں ملکوں کے لیے استحکام اور طویل مدتی اسٹریٹیجک عزم کے ایک اہم ستون کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔*

*دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ......*

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**UP - Rain Deaths**

اترپردیش میں گزشتہ 24 گھنٹے میں دھول بھری آندھی اور گرج چمک کے ساتھ ہونے والی بارش سے 60 لوگ ہلاک ہوئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اِن معاملوں کا نوٹس لیا ہے اور حکام کو کہا ہے کہ وہ متاثرہ لوگوں کی مدد کیلئے ہر ضروری اقدام کریں۔

پیش ہے ہمارے نامہ نگار کی یہ رپورٹ ..................

**VC - Sushil Tiwari**

*بھدوہی ضلع میں سب سے زیادہ 15 ہلاکتیں رپورٹ کی گئی ہیں۔ 12 سے زیادہ لوگ زخمی ہوئے ہیں، جو مختلف اسپتالوں میں زیر علاج ہیں۔ مرزاپور میں 10، فتح پور میں 9، بدایوں میں 5 اور بریلی میں 4 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ سب سے زیادہ اموات گرج چمک، دیواروں اور پیڑوں کے لوگوں اور گاڑیوں پر گرنے کی وجہ سے ہوئی ہیں۔*

*ریاست کے کئی علاقوں میں کل اچانک موسم میں تبدیلی آئی اور متعدد اضلاع سے بجلی کے کھمبوں اور پیڑ گرنے کی خبریں ملیں، جس کی وجہ سے بجلی کی فراہمی اور روڈ ٹریفک میں رخنہ پڑا۔*

*بارش کے ساتھ ہونے والی ژالہ باری سے فصلوں کو بھاری نقصان پہنچا ہے۔*

*آکاشوانی نیوز لکھنؤ سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ..................*

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے آج مغربی مدھیہ پردیش اور مغربی راجستھان کے دور دراز علاقوں میں گرم لہر سے شدید گرم لہر رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ مشرقی راجستھان، گجرات اور مہاراشٹر کے دور دراز علاقوں میں بھی گرم لہر کی صورتحال رہے گی۔

موسمیاتی محکمہ نے آج اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ میں شدید سے انتہائی شدید بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ IMD نے آئندہ 3 دن میں انڈمان-نیکوبار جزائر، کیرالم، ماہے، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکم، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائکل میں بھی شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

دلّی، پنجاب، ہریانہ، بہار، چھتیس گڑھ، چنڈی گڑھ، اُڈیشہ، مغربی بنگال اور شمال-مشرقی ریاستوں میں آج گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔×

## Trump China Visit

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ، چین کے صدر **Xi Jinping** کے ساتھ دو روزہ مذاکرات کیلئے کل شام **Beijing** پہنچ گئے۔ مذاکرات کے دوران ایران جنگ، توانائی کے عالمی بحران، تجارتی کشیدگی، تائیوان اور مصنوعی ذہانت جیسے موضوعات ایجنڈے میں شامل رہنے کی توقع ہے۔ یہ چوٹی کانفرنس، عالمی سیاست کے انتہائی اہم وقت پر ہورہی ہے۔ حالانکہ، کسی بڑے نتیجے کی توقعات محدود ہیں۔ تاہم بڑھتی بین الاقوامی غیر یقینی صورتحال کے دوران، اِس ملاقات کو دنیا کے دو ملکوں کے درمیان تعلقات مستحکم کرنے کی اہم کوشش کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔

اِس بات کا امکان ہے کہ ٹرمپ، تہران سے آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھلوانے میں مدد اور خلیج میں کشیدگی کم کرنے کیلئے تازہ مذاکرات کی حوصلہ افزائی کیلئے چین کے اثر کا استعمال کرسکتے ہیں۔

چوٹی کانفرنس کے دوران، اقتصادی تعلقات کو مرکزی حیثیت حاصل کرنے کا امکان ہے اور دونوں فریق موجودہ تجارتی صلح میں ممکنہ توسیع پر تبادلۂ خیال کرسکتے ہیں۔ بات چیت کے دوران، چین کی جانب سے امریکی اشیاء کی بڑھتی خرید بشمول

بوئنگ ہوائی جہاز، زرعی برآمدات اور توانائی مصنوعات جیسے معاملات پر بھی تبادلۂ خیال ہوسکتا ہے۔
چوٹی کانفرنس کے دوران، تائیوان کے نازک معاملے پر بات چیت کا بھی امکان ہے۔x

## Israeli PM - UAE

ایران کے ساتھ جاری جنگ کے بیچ، اسرائیلی وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو خفیہ طور پر UAE پہنچے اور انہوں نے ملک کے صدر سے ملاقات کی۔
نیتن یاہو کے دفتر سے جاری بیان کے مطابق، اسرائیلی وزیر اعظم نے UAE کے صدر شیخ محمد بن زائد النہیان کے ساتھ بات چیت کی۔
اِس بیان میں مذکورہ میٹنگ کو اسرائیل اور UAE کے درمیان تعلقات میں ایک تاریخی کامیابی بتایا گیا ہے۔ حالانکہ، کامیابی سے متعلق تفصیلات کا ذکر نہیں کیا گیا۔
دوسری جانب، UAE نے اسرائیلی وزیر اعظم کے دورے سے متعلق رپورٹوں کو مسترد کیا ہے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں UAE کی وزارت خارجہ نے کہا کہ رپورٹس غلط ہیں اور اِس بات پر زور دیا کہ اسرائیل کے ساتھ UAE کے تعلقات خفیہ نہیں، بلکہ کھلے ہیں اور سرکاری طور پر اعلان کردہ ابراہیم معاہدہ پر مبنی ہیں۔ پوسٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ کوئی خفیہ میٹنگ نہیں ہوئی ہے۔
ایران نے مذکورہ رپورٹ پر شدید ردِّ عمل کا اظہار کیا ہے۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے خلیجی ممالک کو اسرائیل کے ساتھ تعاون کرنے پر خبردار کیا اور کہا کہ ایران کے خلاف اسرائیل کا تعاون کرنے والے کسی بھی ملک کو جوابدہ ٹھہرایا جائے گا۔x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں کل رات رائے پور میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس پر رائل چیلنجرس بینگلورو کی چھ وکٹ سے جیت کے دوران وراٹ کوہلی نے تاریخ رقم کرتے ہوئے کئی ریکارڈ توڑے۔ کوہلی نے 60 گیندوں میں بغیر آؤٹ ہوئے 105 رن بنائے۔ انھوں نے 11 چوکے اور تین چھکے لگائے۔ یہ ان کی نویں IPL سنچری تھی، جو کہ ٹورنامنٹ کی تاریخ میں کسی بھی کھلاڑی کی سب سے زیادہ سنچری ہے۔
اس اننگز کے دوران وراٹ کوہلی نے ٹی۔ٹوئنٹی میچوں میں 14 ہزار رن بھی مکمل کیے۔ اِس طرح وہ اِس سنگِ میل کو حاصل کرنے والے پہلے بھارتی کھلاڑی بن گئے ہیں۔ وہ کرس گیل کے ریکارڈ کو توڑتے ہوئے، اِس سنگِ میل تک سب سے تیزی کے ساتھ پہنچنے والے پہلے کھلاڑی بھی بن گئے ہیں۔
انھوں نے اِس IPL سیزن میں 400 سے زیادہ رن بنائے ہیں۔ اس جیت کے ساتھ رائل چیلنجرس بینگلورو پوائنٹس ٹیبل میں سرِفہرست ٹیم بن گئی ہے۔ رائل چیلنجرس بینگلورو نے آٹھ میچوں میں جیت حاصل کی ہے اور وہ پلے آف میں پہنچنے کے بیحد قریب ہے۔
آج دھرم شالہ میں پنجاب کنگس کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... محمد عمار
شکریہ - نیتیکا

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

ملک میں کوئلے سے گیس بنانے سے متعلق منصوبہ کو منظوری دی جانے سے متعلق خبر کو روزنامہ پرتاپ نے اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار لکھتا ہے : مودی سرکار نے کوئلے پر مبنی گیس کی پیداوار کے منصوبہ کو منظوری دی، خود کفالت میں مدد ملے گی۔

CBSE بارہویں جماعت کے نتائج جاری ہونے سے متعلق خبر سبھی اخباروں میں نمایاں ہے۔

روزنامہ انقلاب نے اس حوالہ سے سرخی لگائی ہے: CBSE کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق، رواں سال مجموعی طور پر 85 اعشاریہ دو صفر طلبا کامیاب ہوئے ہیں، لڑکیاں آگے۔

تمل ناڈو میں 144 ممبران کے ساتھ وجے نے اکثریت ثابت کی۔ اسی اخبار نے اس خبر کو بھی اولیت کے ساتھ پہلے صفحہ پر شائع کیا ہے۔

سونے اور چاندی کی درآمدات پر کسٹم ڈیوٹی میں 15 فیصد اضافہ کیے جانے سے متعلق خبر کو اہمیت کے ساتھ اخبارات میں شائع کیا گیا ہے۔

اس حوالے سے روزنامہ پرتاپ کی سرخی ہے کہ حکومت دیگر اشیا کی درامد کم کرکے غیر ملکی کرنسی کے استعمال کو محدود کرنا چاہتی ہے۔

اخبارات میں شائع ہونے والی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- ڈونلڈ ٹرمپ اہم سرکاری دورے پر بیجنگ پہنچے۔
- جنوبی لبنان پر اسرائیل کا حملہ، 13 افراد ہلاک۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

☆ برکس وزرائے خارجہ کی دو روزہ میٹنگ آج سے نئی دلّی میں شروع ہوگی۔
☆ آسام حکومت، اِس مہینے کی 26 تاریخ کو ریاستی اسمبلی میں یکساں سِول کوڈ متعارف کرائے گی۔
☆ بھارت نے گھریلو قیمتوں میں کمی لانے کے مقصد سے ستمبر تک شکر کی برآمد پر پابندی لگادی ہے۔
☆ مغربی بنگال حکومت نے آلو، پیاز، پھل، سبزیوں، غذائی اجناس اور دیگر ضروری اشیاء کی بین ریاستی حمل و نقل پر عائد سبھی پابندیاں ہٹالی ہیں۔
☆ شدید بارش اور دھول بھری آندھی سے اترپردیش میں اب تک 60 لوگوں کی موت ہوگئی ہے۔
☆ CBI کے ڈائریکٹر کے طور پر پروین سُود کی مدت میں ایک سال کی توسیع دی گئی ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں، رائے پور میں کھیلے گئے میچ میں رائل چیلنجرز بینگلورو نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو 6 وکٹ سے ہرا دیا۔ وِراٹ کوہلی نے نَویں IPL سینچری لگائی، جوکہ ایک ریکارڈ ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---